4713CH07

بَہار

آیا ہے بَہار کا زمانہ   باغوں کے نکھار کا زمانہ
کلیاں کیا کیا چٹک رہی ہیں   ساری روِشیں مہک رہی ہیں
ہلکی ہلکی یہ اُن کی خوشبو   پھیلی ہوئی ہے چمن میں ہر سُو
چڑیاں گاتی ہیں گیت پیارے   سُنتے ہیں پھول چمن میں سارے

© NCERT not to be republished

کتنی راحت فزا ہوا ہے گویا جنّت کا در کھلا ہے
خوش خوش ہر ایک آدمی ہے ہر شے میں بلا کی دلکشی ہے
کیسی دل‌چسپ چاندنی ہے چاندنی ایک نور کی تنی ہے
ہر دل میں امنگ کس قدر ہے سب پر ہی بہار کا اثر ہے

سڑکوں پر جو لوگ جا رہے ہیں
غزلیں افسؔر کی گا رہے ہیں

افسؔر میرٹھی

© NCERT not to be republished

معنی یاد کیجیے

نکھار	:	تازگی، صفائی، اُجلا پن، خوبصورتی
چٹک رہی ہیں	:	کِھل رہی ہیں، کلیوں کا کھلنا
روشیں	:	روش کی جمع، کیاریوں کے درمیان کے راستے
ہرسُو	:	ہر طرف، ہر جانب
راحت فزا	:	آرام کو بڑھانے والا
بَلا کی دلکشی	:	دِل کو بے حد لبھانے والی
امنگ	:	جوش، ولولہ، ترنگ

© NCERT not to be republished

سوچیے اور بتائیے۔

1. باغوں پر نکھار آنے کی کیا وجہ ہے؟
2. روشیں کیوں مہک رہی ہیں؟
3. ''جنّت کا در کھلا'' ہونے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟
4. چاندنی کیسی لگ رہی ہے؟
5. سڑکوں پر جانے والے لوگ کیا گا رہے ہیں؟

مصرعے مکمل کیجیے۔

آیا ہے ________________ کا زمانہ

کلیاں کیا کیا ________________ رہی ہیں

چڑیاں گاتی ہیں ________________ پیارے

گویا جنّت کا ________________ کھلا ہے

ہر دل میں ________________ کس قدر ہے
سب پر ہی ________________ کا اثر ہے
غزلیں ________________ کی گا رہے ہیں

نیچے لکھے ہوئے لفظوں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

نکھار چٹک مہک ہرسُو دلکشی چاندنی امنگ

مصرعوں کو صحیح ترتیب سے لکھ کر شعر مکمّل کیجیے۔

آیا ہے بہار کا زمانہ
گویا جنت کا در کھلا ہے
ہر دل میں امنگ کس قدر ہے
باغوں کے نکھار کا زمانہ
کتنی راحت فزا ہوا ہے
سب پر ہی بہار کا اثر ہے

عملی کام

- اس نظم کے اُن اشعار کا مفہوم لکھیے جو آپ کو پسند ہوں۔
- اپنے پسندیدہ موسم پر پانچ جملے لکھیے۔

غور کرنے کی بات

- اس نظم کے ایک مصرعے میں شاعر نے ''بلا کی دلکشی'' لفظ استعمال کیا ہے اسی طرح اس لفظ کا استعمال شدّت کے طور پر کیا جاتا ہے۔ جیسے بلا کی گرمی ہے، بلا کی اُمس ہے، بلا کی آندھی ہے، بلا کا شور ہے وغیرہ۔

© NCERT not to be republished